# 04-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ملک کی ترقی کیلئے نریندر مودی حکومت کی جانب سے لئے گئے اہم فیصلے سال 2025ء کیلئے اصلاحات کے سال کے طور پر متعارف کیا گیا ہے۔

۲۔ریاستی وزیر دانا سری انا سویا سیتا اکا نے کہا کہ سمکا اور سارالما جاترا کا انعقاد قبائیل ثقافت اور روایات کے مطابق بڑے وقار کے ساتھ کیا جائے گا۔

۳۔ ہریش راؤ نے الزام لگایا کہ ریاستی حکومت جان بوجھ کر آبپاشی منصوبوں کو کر رہی ہے نظرانداز۔

اور

۴۔حیدرآباد کے موسمیاتی مرکز نے اطلاع دی ہے کہ ریاست میں مشرقی اور جنوب مشرقی سمتوں سے ٹھنڈی ہوائیں چل رہی ہیں۔

## Weather

حیدرآباد کے موسمیاتی مرکز نے اطلاع دی ہے کہ ریاست میں مشرقی اور جنوب مشرقی سمتوں سے ٹھنڈی ہوائیں چل رہی ہیں۔اعلان کیا گیا ہے کہ آئندہ چوبیس گھنٹوں سے ریاست میں سردی کی شدت میں اضافہ ہوگا اور اس ماہ کی پانچ سے بارہ تاریخ تک شدید سرد ہوائیں چلیں گی۔بتایا جارہا ہے کہ دن کے درجہ حرارت کے ساتھ ساتھ رات کے درجہ حرارت میں بھی کمی آئے گی۔اعلان کیا گیا ہے کہ آج اور کل ریاست میں بعض مقامات پر کہر پڑنے کا امکان ہے۔بتایا جارہا ہے کہ دن کا درجہ حرارت پچیس سے چھبیس ڈگری کے درمیان ریکارڈ کیا جائے گا۔

## Metro Rail

ریاستی حکومت حیدرآباد شہر کو جوڑنے کیلئے آوٹر رنگ روڈ کے اندر ایک میگا میٹرو ریل پروجیکٹ کا منصوبہ بنا رہی ہے۔حکام نے ایک سو اٹھاون کلو میٹر طویل میٹرو رنگ لائن قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔اوآرآر کے اندر بائیس میٹرو انٹرچینجس پر میٹرو اسٹیشن قائم کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔

## Medaram

ریاستی وزیر دانا سری انا سویا سیتا اکا نے کہا کہ سمکا اور سارالما جاترا کا انعقاد قبائیل ثقافت اور روایات کے مطابق بڑے وقار کے ساتھ کیا جائے گا۔ریاستی وزراء سیتکا اور پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے آج میڈرم جاترا کے کام کے انتظامات کا معائنہ کیا۔انہوں نے جمپنا واگو سے مرکزی مقام تک سڑک کی تعمیر کے کام کی نگرانی کی۔ ریاستی وزراء نے میڈارام جاترا کے

انتظامات کے تعلق عہدیداروں کے ساتھ ایک میٹنگ کی ۔ریاستی وزراء نے ہدایت دی کہ جاریہ ماہ کی اٹھائیس سے اکتیس تاریخ منعقد ہونے والے جاترا کے تمام انتظامات کو جنگی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔

Sajjnar

حیدرآباد کے پولیس کمشنر وی سی سجنار نے سنکرانتی تہوار کے لئے حیدرآباد سے اپنے آبائی شہروں کا سفر کرنے والوں کو مناسب احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا مشورہ دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ جولوگ اپنے گھروں کو تالے لگا کر باہر نکلتے ہیں وہ قریبی تھانے میں بیٹ آفیسر کو اطلاع دی۔انہوں نے اپنے گھروں میں نقدی،سونااور دیگر قیمتی اشیاء رکھنے کے خلاف بھی انتباہ کیا۔

Lunar eclipse

تروملا تروپتی دیوستھانم نے اعلان کیا ہے کہ تین مارچ کو چاند گرہن کی وجہ سے ترو ملا مندر میں درشن صبح نو بجے سے شام ساڑھے سات بجے تک معطل رہے گا۔چاند گرہن تین مارچ کو سہ پہر تین بج کر بیس منٹ سے شام چھ بجکر چالیس بجے تک ہوگا۔اس کے ساتھ ہی اس دن تمام مالیاتی خدمات معطل کردی گئیں ہیں۔ٹی ٹی ڈی نے اعلان کیا ہے کہ مندر کی صفائی کے بعداس دن شب ساڑھے آٹھ بجے سے درشن شروع ہوجائے گا۔

Power Bank

ڈی جی سی اے نے ہوائی جہازوں میں پاور بینک کے استعمال پر پابندی عائد کردی ہے۔ڈی جی سی اے نے کہا ہے کہ لیتھیم بیٹریوں کی وجہ سے آگ لگنے کے خدشات موجود ہیں اور ہوائی سفر کے دوران پاور بینک کے ذریعے موبائل فون چارج کرنے سے آگ لگنے کی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔اس نے خبردار کیا ہے کہ جب پاور بینک اوور ہیڈ بنز میں رکھے جاتے ہیں تو دھواں یا آگ کا بروقت پتہ لگانا مشکل ہوجاتا ہے جو ہوائی جہاز کی سلامتی کے لیے خطرہ ہے۔

CPI

جاریہ ماہ کی 18 تاریخ کو سی پی آئی کی صد سالہ تقریبات کھمم میں منعقد کی جائیں گی، یہ بات سی پی آئی کے قومی رہنما کے نارائنا نے بتائی۔انہوں نے کہا کہ ان تقریبات میں کھمم ضلع خصوصی کردار ادا کرے گا۔آج کھمم میں منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان تقریبات میں ملک بھر سے قومی سطح کے قائدین شرکت کریں گے۔کے نارائنا نے مطالبہ کیا کہ آندھراپردیش میں ضم کئے گئے بھدراچلم کے قریب واقع پانچ دیہات کو دوبارہ تلنگانہ کے دائرہ اختیار میں لایا جائے۔

## Nizamabad Health Camp

سب کے لئے صحت ہی سب سے بڑی دولت ہے۔ چاہے کتنی ہی قسم کی پریشانیاں کیوں نہ ہوں، صحت کونظرانداز نہیں کرنا چاہیے۔ یہ بات نظام آباد اربن کے ایم ایل اے دھن پال سوریہ نارائن گپتا نے عوام کومشورہ دیتے ہوئے کہی۔ انہوں نے آج نظام آباد میں منعقدہ مفت ہیلتھ کیمپ میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ نظام آباد شہر کے عوام کی صحت و بہبود کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ میگا ہیلتھ کیمپ منعقد کیا گیا ہے۔ اس کیمپ میں خون کے ٹیسٹ کے ساتھ ساتھ مختلف بیماریوں کی ابتدائی تشخیص بھی کی جارہی ہے۔

## Harish Rao

سابق وزیر اور بی آر ایس کے ایم ایل اے ہریش راؤ نے کہا کہ محبوب نگر ضلع کی ترقی کے لیے ان کی حکومت نے پالامورو–رنگاریڈی لفٹ اِریگیشن پراجیکٹ شروع کیا تھا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی جان بوجھ کر اس منصوبے کونظرانداز کر رہے ہیں۔ ہریش راؤ نے کہا کہ اگر صرف ایک چھوٹی نہر کے کام مکمل کر دیے جائیں تو 50 ٹی ایم سی پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش پیدا ہوسکتی ہے، مگر ریاستی حکومت اس پر توجہ دینے کے بجائے بی آر ایس پر سیاسی تنقید کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بی آر ایس حکومت کے دور میں 11 منصوبوں کے ڈی پی آر مرکزی حکومت کو بھیجے گئے تھے، جن میں سے 7 منصوبوں کو منظوری ملی جبکہ کانگریس حکومت کے دوسالہ دورِ اقتدار میں ایک بھی ڈی پی آر نہیں بھیجا گیا، جو آبی منصوبوں کے تئیں حکومت کی لاپروائی کو ظاہر کرتا ہے۔

## Young India

اسٹیشن گھان پور کے ایم ایل اے کڈیام سری ہری نے کہا کہ ریاست میں ینگ انڈیا انٹیگریٹڈ ریزیڈنشل اسکولوں کے قیام سے غریب اور پسماندہ طبقات کے طلبہ کو معیاری تعلیم دستیاب ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ ظفر گڑھ منڈل کے کونائی چلم میں 200 کروڑ روپے کی لاگت سے ینگ انڈیا انٹیگریٹڈ ریزیڈنشل اسکول کی تعمیراتی کاموں کا آغاز اسی ماہ کی 10 تاریخ کو بھومی پوجا کے ساتھ کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں انہوں نے محکمہ تعلیم کے اعلیٰ حکام، انجینئرنگ اور کنسلٹنسی عملے کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کیا اور ہدایت دی کہ تعمیراتی کام ڈیڑھ سال میں مکمل کیے جائیں۔

## Stree Nidhi

ریاستی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ استری ندھی قرضے لے کر ادائیگی نہ کرنے والی ڈواکرہ تنظیموں کے خلاف ریونیو ریکوری ایکٹ نافذ کیا جائے گا۔ اس قانون کے تحت بقایا جات ادا نہ کرنے والوں کی جائیداد ضبط کر کے کھلی نیلامی کرنے کا اختیار

حکام کو حاصل ہوگا۔ حکام کے مطابق اگر قرض لینے والی رکن کے پاس کوئی جائیداد نہ ہو تو قرض کی ادائیگی کی پوری ذمہ داری گروپ کے تمام ارکان پر عائد ہوگی۔

VBG Ram G

محبوب نگر کی رکنِ پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے کہا کہ مرکزی حکومت کی جانب سے متعارف کرائی گئی نئی وی بی جی رام جی اسکیم دیہی ترقی کے لیے بے حد مفید ثابت ہوگی۔ آج آکاشوانی کے نمائندے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات کہی۔

Sound Byte

MP Gaddam

پداپلی کے رکن پارلیمنٹ گڈم ومشی کرشنا نے کہا کہ ریاست کی کانگریس حکومت ریاست میں تعلیم، صحت اور روزگار پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے آج منچریال میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پداپلی منوگورو ریلوے لائن کیلئے چار ہزار کروڑ روپیوں پر مشتمل فنڈس جلد منظور ہونے والے ہیں۔ اسی طرح پداپلی پارلیمنٹ حدود میں ایرپورٹ قائم کرنے کیلئے کوشش کی جارہی ہے۔

Sound Byte

YEAR ENDER - PM MODI

سال 2025 ہندوستان کے ترقیاتی سفر میں ایک فیصلہ کن باب کے طور پر ابھرا ہے۔ جاریہ سال پالیسیوں نے عملی شکل اختیار کی اور ارادے موثر طور پر کام کرنے لگے۔ آج اس خصوصی سلسلے 'ایئر آف ریفارمز' میں ہم وہ مواقع پیش کر رہے ہیں جب 2025 میں دنیا نے وزیر اعظم نریندر مودی کو ایک فیصلہ کن رہنما کے طور پر دیکھا۔ پیش ہے ایک رپورٹ۔۔۔

(V/C-AKSHIT-ENG/HIN-GNR MAIL)

سال 2025 عالمی منظرنامے پر ہندوستان کے عروج کا ایک نمایاں باب بن کر سامنے آیا۔ اندرونِ ملک مضبوط اقتصادی قیادت سے لے کر بیرونِ ملک پُراعتماد سفارت کاری تک، وزیرِ اعظم نریندر مودی ایک استحکام بخش قوت کے طور پر نمایاں رہے، جس نے عالمی توجہ اور احترام حاصل کیا۔

جب امریکی انتظامیہ نے صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی قیادت میں باہمی محصولات عائد کئے تو وزیر اعظم مودی کے 'نیشن فرسٹ' موقف نے واضح پیغام دیا کہ ہندوستان اب غیر منصفانہ تجارتی انتظامات یا بیرونی دباؤ کے آگے نہیں جھکے گا۔ ان کی قیادت میں جی ایس ٹی فریم ورک کو مضبوط بنانے اور چار لیبر کوڈز کے نفاذ جیسے بڑے اصلاحاتی اقدامات سے 2025 میں

ہندوستان کی معیشت 8.2 فیصد کی متاثر کن جی ڈی پی شرحِ نمو تک پہنچی۔

قومی سلامتی کے محاذ پر وزیرِ اعظم مودی نے دہشت گردی کے خلاف ایک نیا نظریہ متعین کیا۔ پہلگام حملے کے بعد ہندوستان نے آپریشن سندور شروع کیا، اور سندھ طاس معاہدے کی معطّلی کے ذریعے وزیرِ اعظم نے یہ واضح اعلان کیا کہ خون اور پانی ایک ساتھ نہیں بہہ سکتے۔

یہ سال وزیرِ اعظم مودی کے لیے عالمی سطح پر غیر معمولی اعزازات کا بھی گواہ رہا۔ مارچ میں بارباڈوس کے آرڈر آف فریڈم اور ماریشس کے آرڈر آف دی اسٹار اینڈ کی آف دی انڈین اوشن سے آغاز کرتے ہوئے، ایتھوپیا کے گریٹ آنر نشان اور آرڈر آف عمان تک، انہیں مجموعی طور پر 29 بین الاقوامی اعزازات حاصل ہوئے جو ایک تاریخی ریکارڈ ہے۔

ہندوستان کی اقتصادی سفارت کاری نے آزاد تجارتی معاہدوں کی اسٹریٹجک پیش رفت کے ذریعے نئی بلندیوں کو چھوا۔ انڈیا۔ یو کے جامع اقتصادی و تجارتی معاہدہ اور انڈیا۔ عمان جامع اقتصادی شراکت داری معاہدہ پر دستخط سے ہندوستانی اشیا کو مغربی اور خلیجی منڈیوں میں ڈیوٹی فری رسائی ملی۔ اسی طرح یورپی فری ٹریڈ ایسوسی ایشن اور نیوزی لینڈ کے ساتھ معاہدوں نے ہندوستانی تجارت کیلئے نئے عالمی مواقع کھولے۔

2025 میں وزیرِ اعظم مودی کی پارلیمانی سفارت کاری بھی غیر معمولی سطح تک پہنچی، جب انہوں نے دنیا بھر کی قانون ساز اسمبلیوں میں 18 خطابات کیے۔ گھانا کی پارلیمنٹ اور ٹرینیڈاڈ و ٹوباگو کی مشترکہ اسمبلی سے لے کر نامیبیا کی قومی اسمبلی تک، انہوں نے گلوبل ساؤتھ کے لیے ہندوستان کے مضبوط ستون ہونے کے کردار کو اجاگر کیا۔

ڈومینیکا کے وزیرِ اعظم روزویلٹ اسکریٹ جیسے کیریبین رہنماؤں کی ستائش سے لے کر روسی صدر ولادیمیر پوتن کی تعریف تک، وزیرِ اعظم مودی کی قیادت کو ایک غیر یقینی عالمی ماحول میں قابلِ اعتماد اور باوقار تسلیم کیا گیا۔ آسٹریلیا کے وزیرِ اعظم انتھونی البانیز نے ایک موقع پر وزیرِ اعظم مودی کو مشہور انداز میں ''دی باس'' قرار دیا تھا۔

BYTE-ANTHONY ALBANESE

سال کے دوران کئی غیر رسمی لمحات بھی سامنے آئے جنہوں نے جدید ریاستی قیادت کی نئی تعریف کی۔ ایس سی او سربراہی اجلاس کے موقع پر روسی صدر نے وزیرِ اعظم مودی کو اپنی صدارتی لیموزین میں ساتھ سفر کی دعوت دی۔ ایک اور علامتی اقدام کے طور پر، بھوٹان کے بادشاہ جگمے کھیسر نامگیل وانگچک نے پارو ایرپورٹ پر خود وزیرِ اعظم کا استقبال کیا جو لین دین سے بالاتر تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔ مختصراً، 2025 ایسے لمحات سے عبارت رہا جن میں وزیرِ اعظم نریندر مودی گلوبل ساؤتھ اور بدلتے ہوئے بین الاقوامی نظام کے مستقبل کو تشکیل دینے والی ایک کلیدی آواز کے طور پر ابھرے۔